UNODC United Nations Office on Drugs and Crime | GloACT Asia and the Middle East | FIA Federal Investigation Agency, Ministry of Interior, Government of Pakistan

انسانی اسمگلنگ اور تارکین وطن کی اسمگلنگ کا خاتمہ

#EndHumanTrafficking | #EndMigrantSmuggling

ایف آئی اے ہیلپ لائن 1991 | پولیس 15

/UNODC.PAKISTAN /FIAAGENCYOFFICIAL

This project is funded by the European Union

ان جرائم کو روکنے میں کن کا اہم کردار ہے؟

قانون نافذ کرنے والے ادارے

- روک تھام کے لیے مقامی سطح اور بارڈر پر سخت اقدامات کرنا۔
- جائے وقوعہ پر بروقت پہنچنا اور تحقیقات کرنا۔

عدالتیں

- بروقت مقدمہ چلانا، اور انسانی اسمگلنگ اور تارکین وطن کی اسمگلنگ میں ملوث افراد کو سزا دینا۔
- انسانی اسمگلنگ اور تارکین وطن کی اسمگلنگ سے متاثرہ افراد کو قانونی سہارا فراہم کرنا۔

مقامی میڈیا

- ان جرائم کے خلاف عوامی سطح پر آگاہی مہم چلانا۔
- اخلاقیات پر مبنی رپورٹنگ کو فروغ دینا۔

ٹریول، ایمیگریشن، اور ایجوکیشن ایجنٹ

- لوگوں کو محفوظ اور قانونی ذرائع/طریقے سے بیرون ملک سفر کرنے اور ہجرت کی راہنمائی کرنا۔

والدین، اساتذہ اور مزہبی سکالرز

- مقامی لوگوں کو آگاہی دینا۔
- انسانی اسمگلنگ اور تارکین وطن کی اسمگلنگ سے درپیش خطرات کو نمایاں کرنا۔

ملکی اور بین الاقوامی ادارے اور سول سوسائٹی

- عوام کو آگاہی دینا۔
- پالیسیز اور پروگرامز میں بہتری کے سلسلے میں اقدامات کی حمایت کرنا۔
- انسانی اسمگلنگ اور تارکین وطن کی اسمگلنگ سے متاثرہ افراد کو نارمل زندگی میں واپس لانے کے لیے تمام ضروری خدمات فراہم کرنا۔

حکومتی محکمے

- متاثرہ افراد کی سماجی طور پر بحالی کے لیے حکومتی محکمے جیسے کہ سوشل ویلفیئر، چائلڈ پروٹیکشن، لیبر، اور ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے ضروری معاونت کی فراہمی۔
- انسانی اسمگلنگ اور تارکین وطن کی اسمگلنگ سے نمٹنے اور خاتمے کے لیے پالیسیز اور پروگرامز کی تشکیل اور عملبرداری۔

مقامی آبادیاں

- مقامی آبادیوں میں غیر محفوظ افراد کا خیال رکھنا۔
- انسانی اسمگلنگ اور تارکین وطن کی اسمگلنگ کے اندیشوں اور خطرات کے بارے میں متعلقہ حکام کو رپورٹ کرنا۔
- اسکولوں، یونیورسٹیوں، اور مقامی آبادیوں میں آگاہی کی مہم کے سلسلے میں نوجوان اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

5 GENDER EQUALITY | 8 DECENT WORK AND ECONOMIC GROWTH | 10 REDUCED INEQUALITIES | 16 PEACE, JUSTICE AND STRONG INSTITUTIONS | 17 PARTNERSHIPS FOR THE GOALS

ایف آئی اے ہیلپ لائن 1991 | پولیس 15

/UNODC.PAKISTAN /FIAAGENCYOFFICIAL

انسانی اسمگلنگ

انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے!

جبری مشقت

بھیک مانگنے پر مجبور کرنا

انسانی اعضاء نکالنے پر مجبور کرنا

جنسی استحصال

متاثر ہونے والے افراد

- کوئی بھی شخص انسانی اسمگلنگ کا شکار ہو سکتا ہے۔
- کچھ لوگ دوسروں سے زیادہ خطرے میں ہوتے ہیں جیسے خواتین، بچے، خواجہ سراء، اور مہاجرین یا مہاجر مزدور۔

انسانی سمگلرز

- انسانی سمگلرز انفرادی، یا منظم جرائم پیشہ گروہ کی سطح پر یہ جرم کرتے ہیں۔

متاثرین کا استحصال

- انسانی اسمگلنگ سے متاثرہ افراد بشمول بچوں کو بھیک منگوانے پر مجبور کیا جاتا ہے۔
- خواتین اور لڑکیوں کو فریب اور زبردستی جنسی تجارت اور گھریلو کام کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔
- متاثرہ افراد سے انتہائی کم یا بنا کسی معاوضہ کے کام کروایا جاتا ہے اور غیر انسانی سلوک رکھا جاتا ہے۔
- متاثرہ افراد کے اعضاء زبردستی یا فریب سے نکالے جاتے ہیں۔

مقامی قانون

- ''اشخاص بالخصوص خواتین و بچوں کی غیر قانونی سوداگری کی روک تھام اور نمٹنے کا ایکٹ 2018'' کے تحت انسانی اسمگلنگ ایک سنگین اور قابل سزا جرم ہے۔

سمجھیں، بچیں، روکیں!

- خطرے کی صورت میں مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فوری رپورٹ کریں۔

تارکین وطن کی اسمگلنگ

بے قاعدہ طریقوں سے لوگوں کو دوسرے ملک لے جانے کا عمل

ڈنکی

- تارکین وطن کی اسمگلنگ کے دھندے میں یہ اصطلاح مقامی طور پر استعمال ہوتی ہے۔
- سمگلرز اکثر چھوٹی کشتیاں (ڈنگیز) استعمال کرتے ہیں۔

متاثر ہونے والے افراد

- ہر عمر اور جنس کے افراد بالخصوص نوجوان تارکین وطن کی اسمگلنگ کا شکار ہوتے ہیں۔
- تارکین وطن کی اسمگلنگ سمندر، زمین اور فضائی راستے سے ہوتی ہے۔

تارکین وطن کے سمگلر

- سمگلرز انفرادی، یا منظم جرائم پیشہ گروہ کی سطح پر یہ جرائم کرتے ہیں۔
- یہ (سمگلرز) جعلی ٹریول ایجنٹ کے لبادے میں ہو سکتے ہیں یا، سوشل میڈیا (واٹس ایپ، فیس بک، ڈارک ویب) پر اشتہار کی شکل میں جعلی پوسٹیں لگا کر لوگوں کو لالچ دیتے ہیں جو کہ "سائبر کرائم" کہلاتا ہے۔

متاثرین کا استحصال

- تارکین وطن کے سمگلرز کنٹینرز اور غیر محفوظ کشتیوں جیسے خطرناک ذرائع استعمال کر کے لوگوں کی زندگیاں خطرے میں ڈالتے ہیں۔
- سفر کے دوران سمگلرز ان اسمگل شدہ افراد کو جسمانی اذیت دیتے ہیں اور توہین آمیز سلوک کرتے ہیں۔
- یاد رکھیں! تارکین وطن کے سمگلرز لوگوں کو دوسرے ملک لے جانے کا جھوٹا وعدہ کرتے ہیں اور جعلی دستاویزات کا سہارا لیتے ہیں۔
- تارکین وطن کی اسمگلنگ میں ہر سال لاکھوں قیمتی جانیں ضائع ہوتی ہیں۔

مقامی قانون

- "تارکین وطن کی اسمگلنگ کی روک تھام کا ایکٹ 2018" کے تحت مہاجرین کی اسمگلنگ ایک سنگین اور قابل سزا جرم ہے۔

سمگلروں سے محفوظ رہیں، اپنی زندگی کی قدر کریں!

- خطرے کی صورت میں مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو فوری رپورٹ کریں۔